Print Fact Sheet

کیا کام کے دوران زخمی ہوئے؟

Office of the Worker Adviser [کارکن صلاح کار کے دفتر] سے مدد لینا

کارکن صلاح کار کا دفتر (OWA) کیا ہے؟

کارکن صلاح کار کا Ontario Ministry of Labour [دفتر آنٹیریو وزارت مزدور] کی ایک خود مختار ایجنسی ہے- ہم جائے کار کے بیمہ کے معاملات (جسے پہلے معاوضہ کارکنان کہا جاتا تھا) میں مفت خدمات ان زخمی کار کنان کو فراہم کرتے ہیں جو کسی یونین سے جڑے ہوئے نہ ہوں اور ان کارکنان کے پسماندگان کو جو کام سے وابستہ زخم یا بیماری سے ہلاک ہو چکے ہوں- Workplace Safety and Insurance Board OWA [تحفظ جائے کار اور بیمہ بورڈ] (WSIB) کا حصہ **نہیں** ہے-

OWA کیسے آپ کی مدد کر سکتا ہے؟

اگر آپ زخمی کارکن یاپسماندہ ہیں، تو OWA:

- WSIB میں یا Workplace Safety and Insurance Appeals Tribunal [تحفظ جائے کار اور بیمہ اپیل ٹریبیونل] (WSIAT) میں آپ کی اپیل میں آپ کی نمائندگی کر سکتا ہے،
- جائے کار کے بیمہ کے عام مسائل پر آپ کو صلاح دے سکتا ہے اور تحریری مواد فراہم کر سکتا ہے،
- آپ کو ان دیگر مقامات کے بارے میں معلومات دے سکتا ہے جہاں آپ کو مدد مل سکتی ہو،

OWA درج ذیل کو تعلیمی خدمات بھی فراہم کرتا ہے جائے کار کے بیمہ کے موضوعات پر کارکنان اور ان کے نمائندگان کو-

کیا OWA خدمات کا معاوضہ ادا کرنا پڑتا ہے؟

نہیں- OWA بلامعاوضہ آپ کی مدد کر تا ہے-

OWA سے کون مدد حاصل کر سکتا ہے؟

OWA ان تمام کارکنان کی مدد کرتا ہے جو ٹریڈ یونین کے ممبر نہیں ہیں- قانون کے مطابق OWA یونین کے ممبران کو خدمات فراہم نہیں کر سکتا ہے-

اگر آپ کسی یونین کے ممبر ہیں، تو OWA کے اہلکار:

- آپ کے معاملے میں کارروائی کے لئے وقت کی حدود کی اطلاع آپ کو دیں گے،
- آپ کو مدد کے لئے واپس آپ کی یونین میں بھیجیں گے-

یونین کا ممبر کون ہوتا ہے؟

اگر آپ کسی یونین والی جائے کار کے معاملہ طے کرنے والے یونٹ کے ممبر ہیں اور آپ اس جائے کار پر زخمی ہوئے ہیں تو OWA آپ کو اس یونین کا ممبر سمجھتا ہے-

OWA آپ کی مدد کر پائے گا بشرطیکہ:

- آپ کسی یونین والی جائے کار میں زخمی ہوئے تھے، لیکن اب کسی ایسی جائے کار میں کام کرتے ہیں جو یونین سے وابستہ نہیں ہے،
- آپ کسی یونین والی جائے کار سے ریٹائر،مستعفی، ہوئے ہوں یا وہاں سے آپ نے کام چھوڑ دیا ہو،

OWA
OFFICE OF THE
WORKER ADVISER

BUREAU DES
CONSEILLERS DES
TRAVAILLEURS
BCT

Ontario

- آپ کو کسی یونین والی جائے کار سے نکال دیا گیا ہو یا آپ کی ملازمت ختم ہو گئی ہو، (بشرطیکہ آپ وہی ملازمت واپس پانے کے لئے مدد نہ چاہتے ہوں)،
- ابھی آپ کسی یونین والی جائے کار میں کام کر رہے ہوں، لیکن آپ کا دعوی کسی ایسے زخم کے متعلق ہو جو کسی دوسرے آجر کے یہاں کام کرتے وقت آیا ہو،
- آپ کا نام ملازمت کی فہرست میں ہو، لیکن گذشتہ ۱۲ مہینے سے کام نہیں کیا ہو،
- آپ یونین سے وابستہ کسی ایسے کارکن کے پسماندہ ہوں جس کی موت جائے کار پر لگی چوٹ یا ہوئی بیماری کی وجہ سے واقع ہوئی ہو، لیکن یونین مزید مدد کرنے کے قابل نہ ہو۔

آپ OWA سے کیسے مدد حاصل کر سکتے ہیں؟

فون پر صلاح دے پانے والے کسی فرد سے بات کرنے کے لئے آپ پورے کناڈا میں کہیں بھی انگریزی میں خدمت کے لئے **۱-۸۰۰-۴۳۵-۸۹۸۰** پر یا فرانسیسی میں خدمت کے لئے **۱-۸۰۰-٦٦١-٦٣٦٥** پر مفت لائن پر فون کر سکتے ہیں۔ آپ کا رابطہ خودکار طریقے سے دستیاب ہونے کی صورت میں آپ سے کسی قریب ترین OWA دفتر سے ہو جائے گا۔ فون کرتے وقت آپ کے پاس درج ذیل معلومات دستیاب ہونی چاہئے:

- آپ کا WSIB دعوی نمبر یا WSIAT اپیل نمبر،
- آپ کے حادثے کی تاریخ،
- آپ کے زخم کی نوعیت،
- آپ کے زخم کے وقت آپ کے آجر کا نام،
- WSIB کا وہ فیصلہ (فیصلے) یا خط (خطوط) جس کے بارے میں آپ فون کر رہے ہوں۔

OWA اپیل میں آپ کی نمائندگی کب کرے گا؟

WSIB OWA میں اپیل میں اور WSIAT میں اپیل کی آخری حد تک آپ کی نمائندگی کر سکتا ہے۔ آپ کی نمائندگی کرنے کی ہماری صلاحیت ہمارے وسائل اور آپ کے مسئلے کی نوعیت پر منحصر ہے۔ ہم آپ کی نمائندگی کریں یا نہیں لیکن OWA کے اہلکار وقت کی کسی بھی حد کو معلوم کرنے میں اپ کی مدد کریں گے جس پر آپ کو اپنے معاملے میں عمل کرنا ہوگا۔ ہم آپ کے اپیل کے حقوق کی حفاظت کی کوشش میں WSIB یا WSIAT میں خط پیش کرنے میں بھی آپ کی مدد کریں گے۔

کیا OWA انگریزی اور فرانسیسی کے علاوہ دیگر زبانوں میں خدمات فراہم کرتا ہے؟

OWA خاص طور پر انگریزی اور فرانسیسی میں خدمات فراہم کرتا ہے۔ ہمارے کچھ دفاتر دیگر زبانوں میں خدمات فراہم کر سکتے ہیں۔ لیکن، ہماری حیثیت محدود ہے۔

اس لئے، آپ انگریزی یا فرانسیسی نہیں بولتے ہیں، تو یہ ضروری ہے کہ آپ کے ساتھ کوئی ایسا آدمی ہو جس پر آپ یقین کر سکیں اور جو آپ کی زبان کے ساتھ انگریزی یا فرانسیسی بھی بول سکے تاکہ OWA کو فون کرتے وقت وہ آپ کی مدد کر سکے۔ اگر OWA کسی سماعت میں، آپ کی نمائندگی کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے تو پیشہ ور ترجمان کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔

اہم معلومات

WSIB کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کے لئے وقت محدود ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی فیصلے کے خلاف اپیل کرنا چاہتے ہیں تو جلد از جلد کسی قابل نمائندے سے رابطہ کریں۔ وقت کی حد کے متعلق مزید معلومات کے لئے OWA کا پروانہ معلومات "Appealing to WSIB" "WSIB سے اپیل کرنا" اور "Appealing to WSIAT" "WSIAT سے اپیل کرنا" دیکھیں۔

اس پروانہ معلومات میں صرف عام معلومات ہوتی ہیں۔ یہ قانونی دستاویز نہیں ہے۔ اس معاملے میں قانون کیا کہتا ہے، یہ جاننے کے لئے آپ کو Workplace Safety and Insurance Act [تحفظ جائے کار اور بیمہ ایکٹ] اور WSIB کی پالیسیاں دیکھنی چاہئے۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو اور آپ کی مدد کرنے کے لئے کوئی یونین نہ ہو، تو کارکن صلاح کار کے دفتر سے رابطہ کریں:

- ہمارا بلا معاوضہ ٹیلیفون نمبر ۱-۸۰۰-۴۳۵-۸۹۸۰ (انگریزی) یا ۱-۸۰۰-٦٦١-٦٣٦٥ (فرانسیسی) ہے۔
- یا http://www.owa.gov.on.ca پر ہماری ویب سائٹ دیکھیں۔

یہ حقائق نامہ انگریزی اور فرانسیسی زبان میں بھی دستیاب ہے

Ontario